## ایم کیوایم کے زیر اہتمام جوہانسبرگ میں ہونے والے اجتماع میں سانحہ 18 اکتوبر میں جاں بحق ہونے والوں کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی

## اجتماع میں جوہانسبرگ کے میئر کے خصوصی نمائندے بوتھا راجہ، افریقن نیشنل کانگریس اور دیگر جماعتوں کے مقامی رہنماؤں، سینکڑوں پاکستانیوں اور مقامی باشندوں کی بڑی تعداد کی شرکت

جوہانسبرگ۔۔۔24/اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیر اہتمام جوہانسبرگ میں ہونے والے اجتماع میں کراچی میں سانحہ 18 اکتوبر میں جاں بحق ہونے والوں کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔اجتماع کے شرکاء نے 18 اکتوبر کو پیپلز پارٹی کی ریلی میں خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور واقعہ کے ذمہ داروں کو گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا۔اجتماع سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلیفون پر خطاب کیا۔اجتماع میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی جن میں جوہانسبرگ میں آباد پاکستانیوں اور ایشیائی کمیونٹی کے علاوہ جوہانسبرگ کے میئر کے خصوصی نمائندے بوتھا راجہ، ساؤتھ افریقہ کی حکمراں جماعت افریقن نیشنل کانگریس اور دیگر جماعتوں کے مقامی رہنماء اور کارکنان اور مقامی باشندوں کی بھی بڑی تعداد شامل تھی۔جبکہ پاکستان سے ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی اور ایم کیوایم کی ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ کے انچارج حیدر عباس رضوی نے خصوصی طور پر اجتماع میں شرکت کی۔اجتماع کے آغاز میں کراچی میں 18 اکتوبر کو پیش آنے والے سانحہ کے سوگ میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور جاں بحق ہونیوالوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا۔ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے انچارج انیس الحسن اور دیگر ذمہ داران نے شرکاء کا خیر مقدم کیا۔اجتماع سے اپنے خطاب میں جوہانسبرگ کے میئر کے خصوصی نمائندے بوتھا راجہ نے کہا کہ مثبت سرگرمیوں کے ذریعے جوہانسبرگ اور کراچی کے درمیان تعلق کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔انہوں نے حیدر رضوی کو جوہانسبرگ کے میئر سے ملاقات کی دعوت بھی دی۔راجہ بوتھا نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو انکی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی اور شاندار اجتماع کے انعقاد پر ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے کارکنوں اور ذمہ داروں کو مبارکباد پیش کی۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنوں کی محنت اور ڈسپلن کی تعریف کی۔ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی حیدر رضوی نے اپنے خطاب میں ایم کیوایم کے اغراض ومقاصد، پارٹی کے پروگرام، منشور اور پاکستان کے سیاسی حالات کے بارے میں پارٹی کے لائحہ عمل پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف ہے اور وہ پاکستان میں جمہوریت کے فروغ کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔اجتماع سے جناب الطاف حسین کے خطاب کے دوران شرکاء نے زبردست جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔اجتماع میں شرکاء کو 8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر اور پاکستان میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کے سلسلے میں ایم کیوایم اور اسکے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں پر مبنی دستاویزی فلم ''مسیحا'' دکھائی گئی جس پر حاظرین بہت متاثر ہوئے اور انہوں نے ایم کیوایم اور اسکے فلاحی ادارے کی امدادی سرگرمیوں کو بیحد سراہا۔اس موقع پر ساؤتھ افریقہ یونٹ کے پانچ کارکنوں کو انکی بہترین تنظیمی کارکردگی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے آٹوگراف والی تصاویر انعام کے طور پر پیش کی گئیں۔اجتماع میں قرعہ اندازی کے ذریعے تقریباً ڈیڑھ سو افراد کو مختلف انعامات دیے گئے۔اس موقع پر آتشبازی بھی کی گئی۔

## ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ میرپور بھٹورو کے فنانس سیکریٹری کمال چانگ اور یونٹ گجو کے کارکن اکبر جوکھیو انتقال کرگئے

## مرحومین کو آبائی قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا، جنازے میں حق پرست نمائندوں کی شرکت

ٹھٹھہ۔۔۔24،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹھٹھہ زون یونٹ میرپور بھٹورو کے فنانس سیکریٹری کمال چانگ علالت کے باعث جبکہ ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گجو کے کارکن اکبر جوکھیو ٹھٹھہ میں ایک موٹر سائیکل ایکسیڈنٹ میں انتقال کرگئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)۔کمال چانگ مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور اکبر جوکھیو مرحوم کی عمر 35 سال تھی۔دریں اثناء کمال چانگ مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان گوٹھ غازی جوکھیو میں سپرد خاک کردیا گیا جبکہ اکبر جوکھیو کی بھی تدفین ان کے آبائی قبرستان گجو میں کردی گئی۔مرحومین کے نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی نثار پہنور، وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی مرتضیٰ میمن، ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے انچارج واراکین، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گجو کے کارکن اکبر جوکھیو اور یونٹ میر پور بھٹورو کے فنانس سیکریٹری کمال چانگ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گجو کے کارکن اکبر جوکھیو اور یونٹ میر پور بھٹورو کے فنانس سیکریٹری کمال چانگ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اکبر جوکھیو مرحوم اور کمال چانگ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ میر پور بھٹورو کے فنانس سیکریٹری کمال چانگ ، یونٹ گجو کے کارکن اکبر جوکھیو، ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سندھ گورنمنٹ یونٹ اسپتال کے کارکن افضال احمد خان کے والد رحمٰن احمد خان، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن شاہد خان کی ہمشیرہ آسیہ پروین اور ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 33 کے کارکن محمد رمضان کی والدہ محترمہ حمیدہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن چچا وحید کی عیادت کی

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2007ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن چچا وحید کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان رہائشگاہ جا کر ان کی عیادت کی۔اس موقع پر ملیر ٹاؤن کے حق پرست کے قائم مقام ٹاؤن ناظم شرافت، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن انور رضا بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے چچا وحید کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔یادر ہے کہ چچا وحید دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔

## جامعہ کراچی میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر اسلامی جمعیت طلبہ کے غنڈوں کا حملہ، تین کارکنان شدید زخمی

## جمعیت کے دہشت گردوں نے ایک بار پھر تعلیمی اداروں میں مسلح دہشت گردی شروع کردی ہے۔ اے پی ایم ایس او

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضا اور رکن قومی اسمبلی اسرار العباد نے اے پی ایم ایس او کے زخمی کارکنان کی عیادت کی

کراچی ۔۔۔24/ اکتوبر 2007ء

جامعہ کراچی میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ کے نہتے کارکنان پر اسلامی جمعیت طلبہ کے درجنوں ڈنڈا ، راڈوں اور سریا بردار غنڈوں نے حملہ کر کے تین کارکنان کو شدید زخمی کر دیا، تینوں زخمی کارکنان کو شدید زخمی حالت میں عباسی شہید اسپتال پہنچایا گیا۔تفصیلات کے مطابق کراچی کے تعلیمی اداروں میں اسلامی جمعیت طلبہ کے مسلح غنڈوں نے ایک بار پھر تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کیلئے پر تشدد سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے۔ آج بھی جامعہ کراچی کے کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان کلاس سے باہر نکل رہے تھے کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے مسلح غنڈوں نے ان پر ڈنڈوں اور لوہے کے سریوں سے حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں اے پی ایم ایس او کے تین کارکنان یاور، اقبال اور معراج شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر عباس شہید اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹرز ان کی طبّی امداد فراہم کر رہے ہیں اور ان کی جانیں بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔دریں اثناء اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے انچارج واراکین نے دہشت گردی کے اس واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو کراچی کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اور اس کی تنظیم جمعیت کو کراچی کے تعلیمی اداروں کا امن کبھی بھی پسند نہیں رہا اور اس نے ہمیشہ تعلیمی امن تباہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اپنی اس تعلیم دشمن پالیسی کے تحت جمعیت کے دہشت گردوں نے ایک بار پھر تعلیمی اداروں میں مسلح دہشت گردی شروع کردی ہے جس سے اس تنظیم کا اصل اور مکروہ چہرہ طلبہ برادری کے سامنے ایک بار پھر کھل کر سامنے آگیا ہے۔ انہوں نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم، وائس چانسلر جامعہ کراچی اور دیگر اعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا کہ جامعہ کراچی میں جمعیت کے مسلح غنڈوں کی جانب سے اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر حملے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور حملے میں ملوث عناصر کو قرار واقعی سزادی جائے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضا، حق پرست رکن قومی اسمبلی اسرار العباد اور اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے رکن عابد چوہان نے عباسی شہید اسپتال کا دورہ کیا اور جامعہ کراچی میں جمعیت کے مسلح غنڈوں کے بہیمانہ تشدد سے زخمی ہونے والے اے پی ایم ایس او کے زخمی کارکنان کی عیادت کی۔ انہوں نے زخمی کارکنان سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں اور موقع پر موجود اسپتال کے عملے کو زخمی کارکنان کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر انہوں نے زخمی کارکنان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆